www.ogdcl.com - www.ogdcl.com - www.ogdcl.com - www.ogdcl.com - www.ogdcl.com - www.ogdcl.com - www.ogdcl.com -

# اطلاع برائے 20واں سالانہ اجلاس عام

بذریعہ نوٹس ہذا اطلاع دی جاتی ہے کہ آئل اینڈ گیس ڈویلپمنٹ کمپنی لمیٹڈ کا بیسواں سالانہ اجلاس عام 24 اکتوبر 2017 صبح 09:00 بجے میریٹ ہوٹل اسلام آباد میں درج ذیل اُمور کی انجام دہی کے لئے منعقد کیا جائے گا:

## عام امور

1۔ مورخہ 26 اکتوبر 2016 کو منعقدہ انیسویں سالانہ اجلاس عام کی کارروائی کی توثیق

2۔ 30 جون، 2017 کو ختم ہوئے سال کے لئے کمپنی کے آڈٹ شدہ اکاؤنٹس کے ساتھ ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کی وصولی، غور اور منظوری

3۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی سفارش کے مطابق 30 جون 2017 کو ختم ہوئے سال کے لئے 20 فی صد یعنی 2 روپے فی حصص کی شرح پر حتمی نقد ڈیویڈنڈ کی منظوری۔ یہ ڈیویڈنڈ رواں سال کے دوران تین عبوری نقد ڈیویڈنڈز جو کل 40 فیصد کے برابر ہے یعنی 4 روپے فی حصص کے علاوہ ہے۔

4۔ سال 18-2017 کے لئے آڈیٹرز کی تقرری اور ان کے لئے مشاہرہ مقرر کرنا۔ موجودہ آڈیٹرز میسرز کے پی ایم جی تاثیر ہادی اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس اور میسرز اے ایف فرگوسن اینڈ کو، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس اجلاس کے اختتام پر ریٹائر ہو جائیں گے۔

5۔ 15 ستمبر 2017 کو منعقد ہونیوالے اجلاس میں بورڈ کی جانب سے طے کردہ 11 ڈائریکٹرز کا انتخاب جو ذیل میں درج ریٹائر ہونیوالے ڈائریکٹرز کی جگہ منتخب ہوں گے۔

| | | |
|---|---|---|
| 1۔ | جناب زاہد مظفر | چیئرمین |
| 2۔ | جناب اورنگزیب حق | ڈائریکٹر |
| 3۔ | جناب محمد جلال سکندر سلطان | ڈائریکٹر |
| 4۔ | جناب سکندر محمد خان | ڈائریکٹر |
| 5۔ | جناب حامد فاروق | ڈائریکٹر |
| 6۔ | جناب محمد علی ٹبا | ڈائریکٹر |
| 7۔ | جناب ظفر مسعود | ڈائریکٹر |
| 8۔ | پرنس احمد عمر احمدزئی | ڈائریکٹر |
| 9۔ | جناب سید شفقت علی شاہ | ڈائریکٹر |
| 10۔ | جناب رحمت سلام خٹک | ڈائریکٹر |
| 11۔ | جناب محمد یاور عرفان خان | ڈائریکٹر |
| 12۔ | جناب زاہد میر | ڈائریکٹر/ایم ڈی/سی ای او |

6۔ صدر اجلاس کی اجازت سے دیگر امور کی انجام دہی۔

بحکم بورڈ

(احمد حیات لک)
کمپنی سیکریٹری

اسلام آباد
26 ستمبر 2017

## نوٹ:

### 1۔ سالانہ اجلاس عام میں شرکت

اجلاس ہذا میں شرکت اور رائے دہی کا اہل کوئی رکن کسی دوسرے فرد کو اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کے لئے اپنا نائب (Proxy) مقرر کرسکتا / سکتی ہے۔ پراکسی کے مؤثر ہونے کے لئے مہر ثبت شدہ اور دستخط شدہ نیابت کی دستاویزات اجلاس سے لازماً 48 گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں موصول ہو جانی چاہئیں۔

### 2۔ انتخاب میں حصہ لینے کے لئے امیدواروں کی اہلیت

ڈائریکٹرز کے انتخاب میں حصہ لینے کا خواہشمند کوئی بھی شخص اجلاس کی تاریخ سے چودہ (14) دن قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں کمپنیز ایکٹ 2017 کی شق (3)159 کے تحت بطور ڈائریکٹر انتخاب میں حصہ لینے کے ارادے کا خط مع درج ذیل دستاویزات جمع کرائے گا۔

(الف) کمپنی کے ڈائریکٹر کے طور پر کام کرنے کی رضامندی کا خط، اگر منتخب ہو جائے۔

(ب) پبلک سیکٹر کمپنیز (کارپوریٹ گورننس) رولز، 2013 کے رول (4)3 کے تحت ایک توثیقی بیان کہ وہ پانچ سے زائد پبلک سیکٹر کمپنیز یا لسٹڈ کمپنیز میں بطور ڈائریکٹر خدمات سرانجام نہیں دے رہا/ رہی، ماسوائے ان کی ذیلی کمپنیوں کے۔

(ج) توثیقی بیان کہ وہ کمپنیز ایکٹ 2017، کمپنی کے میمورینڈم اینڈ آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن، پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے رولز اور پبلک سیکٹر کمپنیز (کارپوریٹ گورننس) رولز، 2013 سے آگاہ ہے اور اس نے ان میں موجود ضابطوں کو پڑھا ہے۔

(د) توثیقی بیان کہ وہ ایک رجسٹرڈ ٹیکس دہندہ ہے اور مجاز احاطہ اختیار کی حامل عدالت سے کسی بینکنگ کمپنی، ترقیاتی مالیاتی ادارے یا کسی غیر بینکنگ مالیاتی ادارے کا نادہندہ ہونے کی بناء پر سزا یافتہ نہیں ہے اور نہ ہی اس کی بیوی/ خاوند اسٹاک ایکسچینج کے کاروبار سے منسلک ہے۔

### 3۔ سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈر کو مزید درج ذیل رہنماء اصولوں پر عمل کرنا ہوگا۔

(الف) اجلاس میں شرکت کے لئے

☆ افراد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈرز یا سب اکاؤنٹ ہولڈرز اور/ یا اشخاص جن کی سیکورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور ریگولیشنز کے مطابق اُن کی رجسٹریشن کی تفصیلات اَپ لوڈ کی جاتی ہیں، کو چاہئے کہ وہ اجلاس میں شرکت کے وقت اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا اصل پاسپورٹ دکھا کر اپنی شناخت کو یقینی بنائیں۔

کارپوریٹ اداروں کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ مختار نامہ مع نامزدگان کے دستخط کا نمونہ (اگر پیشگی مہیا نہیں کیا گیا)، اجلاس کے وقت پیش کرنا ہوگا۔

(ب) نیابت داروں کی تقرری کے لئے۔

i۔ افراد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈرز یا سب اکاؤنٹ ہولڈرز اور/ یا اشخاص جن کی سیکورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور ریگولیشنز کے مطابق اُن کی رجسٹریشن کی تفصیلات اَپ لوڈ کی جاتی ہیں مندرجہ بالا تقاضوں کے مطابق نیابت داری کا فارم مہیا کریں۔

ii۔ نیابت داری فارم پر دو گواہان کے نام و پتے اور کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر درج ہوں گے۔

iii۔ نیابت دار مقرر کرنے والا اور نیابت دار مقرر ہونے والا دونوں کے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپیاں نیابت داری فارم کے ہمراہ مہیا کرنا ہوں گی۔

iv۔ نیابت دار مقرر ہونے والے اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ اجلاس کے وقت دکھائیں گے۔

v۔ کارپوریٹ اداروں کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد / مختار نامہ مع کارپوریٹ ادارے کی نمائندگی اور ووٹ ڈالنے کے لئے نامزد فرد کے دستخطوں کا نمونہ نیابت داری کے فارم کے ساتھ کمپنی کو پیش کرنا ہوگا (اگر پیشگی مہیا نہیں کیا گیا)۔

(ج) ای ووٹنگ

سیکورٹی اینڈ ایکسچینج کمیشن کمپنیز (ای ووٹنگ) ریگولیشنز، 2016 کی پیروی میں ممبرز کمپنی کو ثالث کی جانب سے ایگزیکیوشن آفیسر کی تعیناتی بطور نیابت دار کے بارے میں اجلاس سے کم از کم 10 دن قبل ووٹ دینے کے اپنے حق کو ای۔ ووٹنگ کے ذریعے استعمال کرنے کی رضامندی تحریری طور پر دینی ہوگی۔

### 4۔ ویڈیو کانفرنس کی سہولت۔

ایس ای سی پی سرکلر نمبر 10 آف 2014 مورخہ 21 مئی 2014 اور کمپنیز ایکٹ 2017 کی شق (2)132 کی پیروی میں اگر کمپنی کو مجموعی طور پر 10% یا زائد حصص کے مالک ممبرز سے جو جغرافیائی مقام میں رہائش پذیر ہوں کی جانب سے اجلاس کی تاریخ سے کم از کم 10 دن قبل رضامندی کا اظہار کیا جائے کہ وہ اجلاس میں ویڈیو کانفرنس کے ذریعے شرکت کرنا چاہئے ہیں تو کمپنی اس شہر میں ویڈیو کانفرنس کی سہولت کا بندوبست کرے گی بشرطیکہ ایسی سہولت اس شہر میں دستیاب ہو۔ بذریعہ ای ووٹنگ ووٹ دینے اور ویڈیو کانفرنس کی سہولت حاصل کرنے کے لئے مطلوبہ فارمز پر کریں اور مذکورہ بالا وقت کے اندر کمپنی کو پیش کریں۔ فارم انفرادی طور پر حصص کے ہر مالک کو بذریعہ ڈاک ارسال کئے جارہے ہیں اور کمپنی کی ویب سائٹ پر بھی دستیاب ہیں۔

### 5۔ حصص منتقلی کی کتب کی بندش

کمپنی کے حصص منتقلی کی کتب 18 اکتوبر 2017 تا 24 اکتوبر 2017 (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی اور اس دوران کوئی بھی حصص منتقلی کیلئے قبول نہیں کئے جائیں گے۔ 17 اکتوبر 2017 کو کاروبار کے اختتام تک شیئر رجسٹرار کے دفتر میں وصول ہونے والی ٹرانسفرز حتمی نقد منافع کیلئے بروقت تصور ہوں گی، اگر اس کی منظوری حصہ داران نے دے دی۔

### 6۔ پتہ کی تبدیلی

اراکین سے گزارش ہے کہ وہ اپنا پتہ تبدیل ہونے کی فوراً اطلاع دیں۔

### 7۔ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ فراہم نہ کرنے والے حصص داران کے لئے اطلاع

سکیورٹی اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کے نوٹیفکیشن کی مطابقت میں ایس آر او 2012(I) 831 مورخہ 05 جولائی 2012 ڈیویڈنڈ وارنٹس پر رجسٹرڈ ممبر یا مجاز فرد کا کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر درج ہونا چاہئے ممبر جنھوں نے ابھی تک اپنے موثر کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی کاپی (کارپوریٹ اداروں کی صورت میں) جمع نہیں کرائی سے درخواست ہے کہ ممبر کے فولیو نمبر کی حامل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی مطلوبہ کاپی جمع کرائیں۔ یہ نوٹ فرمایا جائے کہ موثر کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی کاپی کی عدم وصولی کی صورت میں، کمپنی ایس ای سی پی کے نوٹیفکیشن نمبر SRO.275(I)2016 مورخہ 31 مارچ 2016 کی روشنی میں ڈیویڈنڈ کو روکنے پر مجبور ہوگی۔ شیئر ہولڈرز جنھوں نے اپنے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ/ این ٹی این کی کاپیاں فراہم نہیں کیں کی فہرست کمپنی کی ویب سائٹ پر شیئر ہولڈرز کی معلومات کیلئے اپ لوڈ کر دی گئی ہے۔

### 8۔ شیئر ہولڈرز کو سالانہ آڈٹ شدہ اکاؤنٹس کی اطلاع

سکیورٹی اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے ایس آر او نمبر 2016/(I)470 مورخہ 31 مئی 2016 کی روشنی میں کمپنی کے شیئر ہولڈرز نے 23 اگست 2016 کے 10 ویں غیر معمولی اجلاس عام میں سالانہ آڈٹ شدہ اکاؤنٹس کے بارے میں معلومات کو سافٹ یعنی سی ڈی/ ڈی وی ڈی/ یو ایس بی کی شکل میں مطلع کرنے کی منظوری دی۔ شیئر ہولڈرز جو سالانہ آڈٹ شدہ اکاؤنٹس اپنے رجسٹرڈ پتے پر بذریعہ ای میل وصول کرنے کا انتخاب کریں سے درخواست ہے کہ وہ کمپنی کی ویب سائٹ اپ لوڈ کئے گئے سٹینڈرڈ ریکویسٹ فارم پر کریں اور شیئر ہولڈر کے باضابطہ دستخط کے ساتھ شیئر رجسٹرار، میسرز سینٹرل ڈیپازیٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ کو ارسال کر دیں۔

### 9۔ منافع کی ادائیگی بذریعہ الیکٹرانک طریقہ کار

کمپنیز ایکٹ، 2017 کی شق 242 کی ضروریات کے مطابق مستقبل کے ڈیویڈنڈز بذریعہ الیکٹرانک طریقہ کار وصول کرنے کے لئے شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ وہ درج ذیل معلومات ہمارے شیئر رجسٹرار، میسرز سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ، CDC ہاؤس B-99، بلاک-B، ایس۔ ایم۔ سی۔ ایچ۔ ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی-74400 کو فراہم کریں۔

| | |
|---|---|
| شیئر ہولڈر کا نام | |
| فولیو/سی ڈی ایس اکاؤنٹ نمبر | |
| کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر | |
| ای میل | |
| بینک اکاؤنٹ کا ٹائیٹل | |
| بینک اکاؤنٹ (IBAN) نمبر (24 ڈیجٹس): | |
| بینک کا نام | |
| برانچ کا نام اور پتہ | |
| رابطہ نمبر | |



PID(I)1670/17

## آئل اینڈ گیس ڈویلپمنٹ کمپنی لمیٹڈ

او جی ڈی سی ایل ہاؤس، جناح ایونیو، اسلام آباد۔ پاکستان

OIL & GAS DEVELOPMENT COMPANY LIMITED

We Explore Prosperity ▶▶

40x4